11-10-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------------

1. وزیراعظم نریندر مودی آج عوامی جمہوریہٗ Laoکے شہر Vientiane میں 19ویں مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے والے ہیں۔

2 بھارت اور آسیان نے تنازعات کے پُرامن تصفیے کو فروغ دینے کی خاطر بحری سلامتی اور سکیورٹی کو برقرار رکھنے کی اہمیت کا اعادہ کیا ہے۔

3 NABARDکے سروے میں کہا گیا ہے کہ 2016-17 اور 2021-22 کے درمیان دیہی علاقوں کے کنبوں کی اوسط ماہانہ آمدنی میں 57 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔

4 ملک کے مختلف حصوں میں درگا پوجا تقریبات اپنے عروج پر پہنچ گئی ہیں۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو دن کے دوران تمل ناڈو، پدوچیری، کرائکل، اروناچل پردیش اور گجرات میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

6 اور ٹینس میں بھارت کے جیون Neduchazhiyan اور وجے سُندر پرشانت اسپین میں جاری Valencia اوپن ٹورنامنٹ کے مَردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM East Asia Summit

وزیراعظم نریندر مودی آج عوامی جمہوریہئ Lao کے شہر Vientiane میں انیسویں مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے والے ہیں۔ یہ فورم خطے میں کلیدی اعتماد کا ماحول پیدا کرنے میں اہم رول ادا کرتا ہے اور بھارت سمیت اِس میں شرکت کرنے والے ملکوں کے رہنماؤں کو علاقائی اہمیت کے معاملات پر تبادلہئ خیال کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C- Anupam Mishra

مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس میں 10 آسیان ممالک اور 8 ساجھیدار ملک شامل ہیں۔ اِن میں آسٹریلیا، چین، بھارت، جاپان، جنوبی کوریا، نیوزی لینڈ، روس اور امریکہ شامل ہیں۔ Timor-Lesteبھی ایک مشاہد ملک کے طور پر ایک ساجھیدار ہوگا۔ یہ سلسلہ 2005 سے قائم ہے اور اِس کا مقصد خطے کیلئے امن واستحکام اور خوشحالی کو فروغ دیتے ہوئے کلیدی اعتماد قائم کرنا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے 2019 میں 14ویں مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس میں بھارت- بحرالکاہل پہل کا اعلان کیا تھا اور اُس وقت سے بھارت نے اِس سلسلے میں آسیان کے اپنے نقطہئ نظر کے ساتھ اتفاقِ رائے قائم کیا ہے اور آسیان ملکوں کے ساتھ مل کر کام کیا ہے۔

بھارت-بحرالکاہل پہل میں آسیان کے تین ممالک انڈونیشیا، تھائی لینڈ اور سنگاپور نیز مشرقی ایشیا کے تین ساجھیدار ملک امریکہ، آسٹریلیا اور جاپان ساجھیدار ہیں۔ نالندہ یونیورسٹی کو پھر سے فعال بنانا بھی مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس کی ایک پہل کا حصہ ہے۔ جناب مودی نے اِس سال جون میں نالندہ یونیورسٹی کے نئے کیمپس کا افتتاح کیا تھا۔

امید ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی آج سربراہ کانفرنس کے موقعے پر اِس میں شرکت کرنے والے رہنماؤں کے ساتھ باہمی بات چیت بھی کریں گے۔ جناب مودی جمہوریہئ Laoکے صدر سے ملاقات بھی کریں گے۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں اسداللہ

وزیراعظم نے کَل Vientiane میں اکیسویں آسیان-بھارت سربراہ کانفرنس میں شرکت کی تھی اور خطاب کیا تھا۔ اِس کا اہتمام جمہوریہئ Lao نے کیا تھا، جس کے پاس آسیان کی صدارت ہے۔

اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور آسیان ممالک امن پسند ملک ہیں اور وہ ایک دوسرے کی قومی سا لمیت اور اقتدار اعلیٰ کا احترام کرتے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی بھارت کی پالیسی سے جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کی انجمن آسیان کے ساتھ تعلقات کو نئی توانائی، رفتار اور نئی سمت ملی ہے۔

2100 PM MODI- PEACE LOVING NATIONS

India Asean Maritime Security

بھارت اور آسیان ملکوں نے بین الاقوامی قانون کے عالمی سطح پر تسلیم شدہ ضابطوں کے مطابق تنازعات کے پُرامن تصفیے کو فروغ دینے کی خاطر امن واستحکام، بحری سلامتی اور سکیورٹی کو برقرار رکھنے اور اِسے فروغ دینے کی اہمیت کا اعادہ کیا ہے۔
آسیان-بھارت جامع کلیدی ساجھیداری کو مستحکم بنانے کے بارے میں ایک مشترکہ بیان میں بھارت اور آسیان ملکوں کے رہنماؤں نے جنوبی چین کے سمندر میں متعلقہ فریقوں کے طرزِ عمل پر اعلانیے پر پوری طرح اور موثر انداز سے عمل درآمد کئے جانے کی حمایت کی ہے اور جنوبی چین کے سمندر میں موثر اور ٹھوس ضابطہئ عمل جلد طے کئے جانے کی اُمید ظاہر کی ہے۔

اِن ملکوں نے بحری سلامتی، دہشت گردی سے نمٹنے، ایک دوسرے کے ملکوں میں جرائم، دفاعی صنعت، انسانی ہمدردی کی امداد، قدرتی آفات کی صورت میں راحت پہنچانے،

قیامِ امن، بارودی سرنگیں ہٹائے جانے کی کارروائی اور اعتماد سازی کے اقدامات کے شعبے میں اشتراک کو مستحکم بنانے سے بھی اتفاق کیا ہے۔X

NABARD SURVEY

سال 2016-17 سے لے کر 2021-22 تک کے عرصے کے دوران دیہی علاقوں کے کنبوں کی اوسط ماہانہ آمدنی میں 57 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔ زرعی اور دیہی ترقی سے متعلق قومی بینک NABARD کے دوسرے کُل ہند دیہی مالی شمولیت سروے کے مطابق سال 2016-17 میں اوسط ماہانہ آمدنی 8 ہزار 59 روپے تھی جو 2021-22 میں بڑھ کر 12 ہزار 698 روپے ہوگئی۔ اِن کنبوں کے اوسط ماہانہ اخراجات بھی 6 ہزار 600 روپے سے بڑھ کر 11ہزار 200 روپے سے زیادہ ہوگئے۔

مذکورہ سروے سے معلوم ہوا ہے کہ مالی بچت میں بھی اضافہ ہوا۔ اِس عرصے کے دوران اِن کنبوں کی اوسط بچت 13ہزار 200 روپے سے زیادہ ہوگئی جبکہ پہلے یہ لگ بھگ 9ہزار 100 روپے تھی۔

سال 2021-22 میں تقریباً 66 فیصد کنبوں کی بچت میں 2016-17 کے مقابلے 50 اعشاریہ 6 فیصد کا اضافہ ہوا۔ X

Rajnath

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ دو دن کے دورے پر سکم پہنچ رہے ہیں جہاں وہ راجدھانی Gangtokمیں آرمی کمانڈرس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اپنے اس دورے میں جناب سنگھ مختلف سڑک پروجیکٹوں اور 22 سپاہیوں کو وقف ایک میموریل Prerna Sthal کا افتتاح بھی کریں گے۔ پچھلے سال اکتوبر کے پہلے ہفتے میں ایک گلیشیئر کے ٹوٹ جانے سے سیلاب آنے کے دوران اِن سپاہیوں کی موت ہوگئی تھی۔X

Delhi Police Cocaine

دلی پولیس کے خصوصی سیل نے 200کلوگرام کوکین ضبط کی ہے جس کی بین الاقوامی بازار میں قیمت تقریباً دوہزار کروڑ روپے ہے۔ دلی پولیس کے ایک سینئر عہدیدار نے مطلع کیا کہ یہ کوکین مغربی دلی کے رمیش نگر علاقے سے ضبط کی گئی۔ انھوں نے کہا کہ یہ

اسی گروہ سے ضبط کی گئی ہے جس سے گزشتہ ہفتے دلی پولیس نے 500کلوگرام سے زیادہ کوکین ضبط کی تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سلسلے میں جاری تحقیقات کے تحت اب تک سات ملزموں کو حراست میں لیا جاچکا ہے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Durga Puja

ملک بھر کے مختلف حصوں میں درگا پوجا کی تقریبات کا سلسلہ جاری ہے۔ آج درگاہ اشٹمی ہے جونوراتری کا آٹھواں دن ہوتا ہے اور اس دن ماں درگا کے نو روپ کی پوجا کی جاتی ہے۔ درگا اشٹمی کے موقع پر ماں مہاگوری کی پوجا کی جاتی ہے اور اس دن کو نوراتری کے سب سے پوتر دن کے طور پر مانا جاتاہے۔

Music

بہار میں بھی درگا پوجا مذہبی عقیدت اورجوش وخروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔مختلف پوجا کمیٹیوں کی جانب سے خوبصورت پنڈال لگائے گئے ہیں۔ پٹنہ، مظفرپور، گیا، بھاگلپور، پورنیا اور دیگر شہروں میں بڑی تعداد میں عقیدت مند دیوی درگا کی پوجا اور درشن کیلئے پوجا پنڈالوں میں آرہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Dharmendra

پوری ریاست میں جو پوجا پنڈال بنائے گئے ہیں اُن میں بڑی مشہور عمارتوں سے لے کر پوتر مندروں سمیت مختلف موضوعات کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ اِن پوجا پنڈالوں میں پُرکشش انداز سے روشنی کی گئی ہے اور کیدارناتھ دھام، تروپتی بالا جی، سوامی نارائن مندر اور برج خلیفہ کی مقبولِ عام تھیم کو چنا گیا ہے۔ اِس سال پوجا کمیٹیاں صفائی ستھرائی کے پیغام کی تشہیر پر زور دے رہی ہیں۔ پٹنہ میونسپل کارپوریشن نے مختلف پوجا

پنڈالوں میں لوگوں میں کوڑا کرکٹ اور کچرے کو الگ الگ رکھنے کے طریقے کو فروغ دینے کی خاطر کچھ رضاکاروں اور اپنے اہلکاروں کو متعین کیا ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

Prez Durga Puja

درگاہ پوجا کے پوتر موقع پر صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدرجمہوریہ نے کہا کہ درگا پوجا کا تہوار بدی پر نیکی کی فتح کے طور پر منایا جاتا ہے اور دیوی درگا ہمت،بہادری کی ایک علامت ہیں۔

صدرجمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار دیوی درگا کیلئے پوری طرح وقف کرنے اور تمام مذاہب کے درمیان اتحاد اور افہام تفہیم کو فروغ دینے کا موقع ہے۔ انہوں نے ماں درگا سے ایک ایسا حساس اور مساوی معاشرہ تشکیل دینے کی دعا کی جہاں خواتین کو احترام اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہو۔

Bihar Flood

بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے سیلاب سے متاثرہ تین لاکھ 21 ہزار کنبوں کے بینک کھاتوں میں 225 کروڑ روپے سے زیادہ سیدھے منتقل کئے ہیں۔ ریاستی سرکار نے سیلاب سے راحت کی اپنی نئی اسکیم کے تحت سیلاب سے متاثرہ کنبوں کو سات ہزار روپے دیئے ہیں، جبکہ اِس سے پہلے ہر کنبے کو چھ چھ ہزار روپے دیئے جارہے تھے۔X

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آئندہ دو دنوں کے دوران تمل ناڈ، پڈوچیری، کرائیکل، اروناچل پردیش اور گجرات میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ کل سے جنوبی خلیج بنگال کے وسطی حصوں میں موسم کے حالات میں تبدیلی ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے دو دنوں میں ملک کے شمال مشرقی، مغربی اور جنوبی جزیرہ نما حصے میں ہلکی سے اوسط بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے اگلے دو روز کے دوران گجرات، مدھیہ پردیش، اترپردیش کے بقیہ حصوں اور مہاراشٹر

اوربہار کے کچھ حصوں سے جنوب مغربی مانسون کے اثرات ختم ہونے کا بھی امکان ظاہر کیاہے۔

Hurricane Milton

امریکہ میں سمندری طوفان ملٹن کے سبب فلوریڈا میں اموات اور تباہی کا منظر ہے اور خبر ہے کہ یہاں 30 لاکھ سے زیادہ صارفین کے یہاں بجلی نہیں ہے۔اب تک اس طوفان سے کم ازکم دس افراد کے ہلاک ہونے کی خبر ہے۔ سمندری طوفان ملٹن مغربی وسطی ساحل پر تیسرے زمرے کی شدت کے ساتھ یہاں بدھ کی رات کو پہنچاتھا۔ تاہم موسم کی پیشگوئی کرنے والوں نے کہاہے کہ ملٹن کی شدت اب کم ہوگئی ہے اور یہ جلد ہی فلوریڈا سے چلا جائے گا اور موسم کی صورتحال آہستہ آہستہ بہتر ہوگی۔

International Girl Child Day

دنیا بھر میں آج بچیوں کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن صنفی مساوات، تعلیم اور نوجوان لڑکیوں کیلئے موقعے کی اہمیت کو اُجاگر کرتا ہے۔ اِس سال کا تھیم ہے: ”مستقبل کیلئے لڑکیوں کا وژن“۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C- Saklen

بچیوں کے عالمی دن کا مقصد لڑکیوں کو بااختیار بنانے اور ان کے انسانی حقوق کو محفوظ بنانے کی فوری ضرورت کو اجاگر کرنا ہے۔ یونیسیف کی جانب سے کی گئی ایک تحقیق کے مطابق دنیا بھر میں 20 سے 24 سال کی عمر کے پانچ میں سے ایک لڑکی کی شادی بچپن میں ہوئی تھی۔ اعدادوشمار سے یہ پتہ چلتا ہے کہ دنیا بھر میں تین میں سے ایک لڑکی اینیمیا سے متاثر ہے۔

عالمی سطح پر نوعمروں میں 75 فیصد نئے HIV انفیکشن لڑکیوں میں پائے جاتے ہیں۔ حکومت نے بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ 'اڑان' اور سوکنیا جیسے مختلف اسکیم متعارف کرائی ہیں۔ جوونائل جسٹس ایکٹ 2015 ضرورت مند بچوں کی دیکھ بھال اور تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔

لڑکیوں کے مستقبل میں سرمایہ کاری عالمی معاشرہ کے اجتماعی مستقبل میں براہ راست سرمایہ کاری ہے۔ آج کے دن آئیے ہم ہر لڑکی کے حقوق کی حمایت کرنے اور ان کی مکمل صلاحیتوں کو محسوس کرنے میں ان کی مدد کرنے کے اپنے عزم کو دوہرائیں۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں اسداللہ

SL Nomination

سری لنکا میں ہونے والے عام انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج دن میں ختم ہوجائے گا۔ وہاں اگلے مہینے کی 14 تاریخ کو عام انتخابات ہونا ہے۔ صدر کے عہدے کے چناؤ ہونے کے چند ہفتوں بعد ہی سری لنکا میں عام انتخابات کی تیاریاں ہورہی ہیں۔ طے شدہ وقت سے 11 گیارہ مہینے پہلے ہی پارلیمنٹ تحلیل کئے جانے کے تناظر میں وہاں عام انتخابات ہورہے ہیں۔ انتخابی کمیشن کے مطابق 33 آزاد گروپوں اور سیاسی پارٹیوں نے پہلے ہی اپنی اپنی نامزدگیاں داخل کردی ہیں۔X

Valencia Open Tennis

ٹینس میں کل شام اسپین کے Valencia بھارت کے جیون Neduchazhiyan اور وجے سندر پرشانت مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں داخل ہوگئے ہیں۔ بھارتی کھلاڑیوں کی جوڑی نے کوارٹرفائنل میں رومانیہ کے Alexandru Jecan اور Belarusia کے Ivan Liutarevich کی جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں چھ صفر، چھ دو سے ہرادیا۔

چوتھی پوزیشن کی بھارتی جوڑی کا مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں آج شام پولینڈ کی جوڑی سے مقابلہ ہوگا۔

Badminton

بیڈمنٹن میں کل چین کے Nanchang میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑیTanvi Sharma ، Aalisha Naikاور Pranay Shettigar بی ڈبلیو ایف عالمی جونئیر چمپئن شپ کے کواٹرفائنل میں پہنچ گئے۔ Tanvi نے 19 سال سے کم عمر کے زمرے میں خواتین کے سنگلز میں جاپان کی Nina Matsuta کو اکیس اٹھار، اکیس تیرہ سے ہرایا۔ Aalisha نے اسی زمرے میں ملیشیا کی Lim Zhi Shin کو اکیس سترہ، اکیس سترہ سے شکست دی۔

آج کوار ٹرفائنل میں Tanvi کا مقابلہ چین کی Xu Wen Jing سے جبکہ Aalisha کا مقابلہ ایک اور چینی کھلاڑی Dai Qin Yi سے ہوگا۔

19سال سے کم عمر کے زمرے میں مردوں کے سنگلز میں Pranay نے تھائی لینڈ کے کھلاڑی کو اکیس چودہ، اکیس سترہ سے ہرایا۔ آج کوارٹرفائنل میں اُن کا مقابلہ چین کے Wang Zi Junسے ہوگا۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسداللہ

شکریہ - ارجمند

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردواخبارات نے وزیراعظم نریندرمودی کی آسیان-انڈیا چوٹی کانفرنس میں شرکت کو صفحہ اول پر شائع کیاہے۔ اخبار جناب مودی کے حوالے سے لکھتا ہے کہ ہندوستان اور آسیان پڑوسی ہمارے درمیان دوستی، بات چیت اور تعاون بہت اہم ہے۔

مرکزی حکومت کے ذریعہ ریاستوں کو 178 لاکھ کروڑ روپے جاری کئے جانے کی خبر کو راشٹریہ سہارا نے سرخی بنایاہے۔ روزنامہ پرتاپ نے اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ علم، سائنس اور تکنیک ہندوستان کے ڈی این اے میں ہے۔ روایت،محنت اور ترقی ہماری فطرت کا حصہ ہے، جبکہ روزنامہ ملاپ نے مرکزی حکومت کے ذریعہ مسلح افواج کو مضبوط کرنے کیلئے جوہری آبدوزوں اور ڈرونز کیلئے 80 ہزار کروڑ روپے کے بڑے سودے کو منظوری دیئے جانے کی خبر کو نمایاں کیاہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، ملاپ، پرتاپ سمیت بیشتر اخباروں نے معروف بھارتی صنعت کار رتن ٹاٹا کے انتقال کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ وہ ملک کے انمول جوہر ہیں۔ان کی موت پر صدرجمہوریہ، نائب صدرجمہوریہ اور وزیراعظم سمیت کئی ہستیوں نے خراج عقیدت پیش کیاہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں

★ سعودی کابینہ کے اجلاس میں خطے اور بین الاقوامی صورتحال کا جائزہ۔

★ انسانی حقوق کونسل کیلئے 18 نئے رکن ممالک کا انتخاب،بھارت بھی ہے شامل۔

★ اقوام متحدہ کے کئی اہلکار بنگلہ دیش کا دورہ کریں گے۔

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1. وزیراعظم نریندر مودی آج عوامی جمہوریہٴ Laoکے شہر Vientiane میں 19ویں مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے والے ہیں۔

2 بھارت اور آسیان نے تنازعات کے پُرامن تصفیے کو فروغ دینے کی خاطر بحری سلامتی اور سکیورٹی کو برقرار رکھنے کی اہمیت کا اعادہ کیا ہے۔

3 NABARDکے سروے میں کہا گیا ہے کہ 2016-17 اور 2021-22 کے درمیان دیہی علاقوں کے کنبوں کی اوسط ماہانہ آمدنی میں 57 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔

4 ملک کے مختلف حصوں میں درگا پوجا تقریبات اپنے عروج پر پہنچ گئی ہیں۔

5 بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے دو دن کے دوران تمل ناڈو، پدوچیری، کرائکل، اروناچل پردیش اور گجرات میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

6 اور ٹینس میں بھارت کے جیون Neduchazhiyan اور وجے سُندر پرشانت اسپین میں جاری Valencia اوپن ٹورنامنٹ کے مَردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------